سوال

امریکہ میں مشین کے ذریعے جانور ذبح کیے جاتے ہیں اس کے حلال ہونے کے لے کیا شرطیں ہیں ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

درج ذیل شروط کے ساتھ جدید آلات کے ذریعے ذبح کرنا جائز ہے :

01. آلات تیز دھار والے ہوں اور حلق کیساتھ دیگر رگوں کو بھی کاٹ دیں۔

02. اگر مشین ایک وقت میں متعدد جانور ذبح کرے تو سب کیلیئے ایک بار بسم اللہ پڑھنا کافی ہوگا۔

03. اگر کوئی شخص اپنے ہاتھ سے جانور ذبح کر رہا ہو تو ہر جانور پر الگ سے بسم اللہ پڑھے گا۔

04. ذبح کرنے کی جگہ سے ذبح کرنا لازمی ہے، یعنی خوراک کی نالی سمیت خون کی دونوں یا کوئی ایک رگ لازمی کاٹی جائے۔

ارشاد باری تعالی ہے :

وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ (الأنعام: 121)

''اور اس میں سے مت کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا۔

اور فرمایا :

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ (البقرة:173)

اس نے تو تم پر صرف مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت اور ہر وہ چیز حرام کی ہے جس پر غیر اللہ کا نام پکارا جائے۔

سیدنا رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ فَكُلْ (صحيح البخاري، الذبائح والصيد: 5509، صحيح مسلم، الأضاحي: 1968)

جو چیز خون بہا دے اور جس (جانور) پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اسے کھا سکتے ہو۔

اگر مشین سے ذبح کرتے وقت مندرجہ بالا شروط کا لحاظ رکھا جاتا ہو تو مشین سے ذبح کیا ہوا جانور حلال ہوگا۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد